© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**اسلامی عقائد۔** از جناب مولانا حکیم عبدالسلام صاحب، صدر مدرس مدرسہ حاجی علی خاں، چاندنی چوک، دہلی۔ قیمت ۱۲؍

ملنے کا پتہ:۔ کتبخانہ مسعودیہ، مدرسہ حاجی علی خاں متصل گھنٹہ گھر، چاندنی چوک، دہلی۔

اسلام نے کائنات اور زندگی کی جن اساسی اور غیبی حقیقتوں پر ایمان لانا انسان کے لیے لازم قرار دیا ہے، اس کتاب میں ان کی توضیح کی گئی ہے، لیکن ایمان و نجات کے قطعی لوازم سے زیادہ بہت کچھ بیان کر دینے کے باوجود یہ کتاب مسلمانوں کے عقائد کے ان اختلافات پر گرفت نہیں کر سکی جن کی وجہ سے اس امت کے اعمال کا نظام تہ و بالا ہو گیا ہے۔ مثلاً ایمان و عمل کے تعلق پر، شرک فی الاطاعت کے موضوع پر، خدا کے قانونِ شفاعت و مغفرت پر بہت ہی دھندلی روشنی پڑتی ہے جس سے غلط فہمیوں کا ازالہ ممکن نہیں۔

دوسری کمزوری یہ ہے کہ علم عقائد کی یہ کتاب قرآن کے دل پذیر اسلوب بیان اور جذبہ انگیز طرز استدلال کی پیروی نہیں کرتی، اس وجہ سے صرف انھیں لوگوں کے لیے مفید ہے جو پہلے سے اسلام سے وابستہ ہیں اور محض معلومات کے محتاج ہیں۔

**اسلامی وظائف۔** از مولانا حکیم عبدالسلام صاحب، صدر مدرس مدرسہ حاجی علی خاں، چاندنی چوک، دہلی۔ قیمت درج نہیں۔

ملنے کا پتہ:۔ کتبخانہ مسعودیہ، مدرسہ حاجی علی خاں متصل گھنٹہ گھر، دہلی۔

اس کتاب میں قرآن و حدیث سے جملہ انبیاء علیہم السلام خصوصاً نبی صلعم کے پسندیدہ وظیفے اور دعائیں اور اذکار زندگی کے مختلف مواقع شکر و استعاذہ کے لیے جمع کیے گئے ہیں۔ یہ ایک اچھی کوشش ہے اور اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com